15/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

آرمی ڈے

مسلح افواج اور ملک کے لئے آرمی کی بے پناہ قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے آج پورے ملک میں آرمی ڈے منایا جا رہا ہے۔ یہ بھارتی فوجیوں کی ہمت، عزم اور مادر وطن کی خدمت کو منانے کا دن ہے۔

کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ - K. M Cariappa یہ دن جنرل

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اس موقع پر فوج کے جوانوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوں نے کہا کہ فوجی جوانوں نے اپنی بے مثال بہادری اور ہمت سے بھارتی فوج کو دنیا کی بہترین فوجوں میں شامل کیا ہے۔

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اس موقع پر فوجی جوانوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ ہمارے فوجی جوان بہادری، حب الوطنی اور غیر متزلزل لگن کے مظہر ہیں۔

چنار کور نے 77 ویں آرمی ڈے کے موقعے پر تمام فوجی جوانوں اور ان کے اہل خانہ نیز سابق فوجیوں کو مبارک با د پیش کی ہے ۔

سائبر سیل بانڈی پورہ نے ایک کاروائی کے دوران آن لائن دھوکہ دہی سے لئے گئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے اور قریب تین لاکھ روپے کی مالیت کے 19 موبائل فون بازیاب کئے ہیں ۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ رقم متاثرین کے بنک کھاتوں میں منتقل کی گئی ہے جبکہ موبائل فون ان کے حقداران کو واپس کئے گئے ہیں ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ڈاکٹر وی نارائن کو انڈین سپیس ریسرچ آرگنائزیشن کے چیرمین اور خلائی محکمہ کے سیکریٹری کا عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد پیش کی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ آنے والے مہینوں میں کئی اہم خلائی مشن کے ساتھ دنیا اپنی تیز رفتار پیش رفت کے لئے بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع میں سال 2025-26 کے لئے اپنی نوعیت کے پہلے ناول "نیچرل فارمنگ " ایکشن پلان کو حتمی شکل دینے کی خاطر کل ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ضلع سرینگر میں نیچرل فارمنگ کے کامیاب نفاذ کے لیے ایکشن پلان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ نیچرل فارمنگ کا اقدام ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر زراعت کی پائیدار ترقی کی راہ ہموار کرے گا۔ڈی سی موصوف نے افسران پر زور دیا کہ وہ رہنما خطوط کے مطابق سکیم کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنائیں۔

ایک اور علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر سرینگرنے ضلع میں مختلف سرکاری اقدامات اور سپانسر شدہ اسکیموں کے تحت بنکوں اور دیگر مالیاتی ادارونکی کار کردگی کا جائزہ لیا۔

سائبر سیل

سائبر سیل بانڈی پورہ نے ایک کاروائی کے دوران آن لائن دھوکہ دہی سے لئے گئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے اور قریب تین لاکھ روپے کی مالیت کے 19 موبائل فون بازیاب کئے ہیں ۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ رقم متاثرین کے بنک کھاتوں میں منتقل کی گئی ہے جبکہ موبائل فون ان کے حقداران کو واپس کئے گئے ہیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے راجوری ضلع کے بدھل علاقے
مینپ

راسرار اموات کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی ±
صدارت کی ۔

چیف سکریٹری نے ماہرین صحت اور پولیس پر زور دیا کہ ان اموات کی اصل وجہ کا پتہ لگانے کے لئے معروف اداروں سے موصول ہونے والی رپورٹس کا جائزہ لیں اورتحقیقات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے آپس مینقریبی تال میل کو قائم رکھ کرکام کریں۔

بانڈی پورہ

ضلع ترقیاتی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ضلع کیپیکس 2024-25 کے تحت کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ دسمبر 2024 تک مجموعی طور پر منظور شدہ بجٹ میں سے ایک ارب 61 کروڑ 84 لاکھ65 ہزار روپے جاری کئے گئے ہیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ ایگزیکیوٹنگ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ تمام منظور شدہ منصوبوں کے لئے فزیکل اور فائنانشل دونوں اہداف کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر پورا کریں۔

اننت ناگ

موٹر وہیکل ڈپارٹمنٹ اننت ناگ نے سٹیٹ ڈیزاسٹر رسپانس فورس کے اشتراک سے ڈورو اننت ناگ میں سڑک حادثات کو روکنے، مسافروں اور ڈرائیوروں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے روڈ سیفٹی پروگرام کا انعقاد کیا۔

اس پروگرام میں ڈرائیوروں، دکانداروں اور عام لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاءکو Cardiopulmonary Resuscitation اور بیسک لائف سپورٹ جیسی اہم تکنیکوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ انہوں نے اس اقدام کی تعریف کرتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسے ہی پروگراموں کے انعقاد کی امید ظاہر کی۔

شوپیان

شوپیان ضلع میں مختلف محکموں کے اہم ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شوپیاں محمد شاہد سلیم ڈار نے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کا مقصد مختلف ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینا اور بہتری کے لئے شعبوں کی نشاندہی کرنا تھا۔ اس دوران کمشنر موصوف نے ضلع کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے نئے فلیگ شپ پروجیکٹوں کی ضرورت پر زور دیا۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس
پر بھیج سکتے ہیں - akashvanisrinagarnews@gmail.com

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****